

ABC CERTIFIED

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ

شہر نامہ

اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | پیر 16 نومبر 2026ء 5 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 68

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com



مسلم دنیا با اثر شخصیات سرفہرست

سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان بھی پاکستانی قیادت کیساتھ مشترکہ طور پر نمبرون قرار

RISSC کی تیار کردہ فہرست میں مجتبیٰ خامنہ ای کو چوتھے، اردن کے فرمانروا اور قطر کے امیر چھٹے اور پاکستانی عالم دین مفتی محمد تقی عثمانی ساتویں پوزیشن پر براجمان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) دنیا کی 500 بااثر مسلم شخصیات کی سالانہ فہرست 'دی مسلم 500' کے 2027 ایڈیشن میں وزیر اعظم شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مشترکہ طور پر پہلی پوزیشن دی گئی ہے۔ اس اعزاز میں سعودی عرب کے فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان بھی شامل ہیں۔ واضح رہے کہ اُردن کے رائل اسلامک اسٹریٹجک اسٹڈیز سینٹر (RISSC) کی جانب سے شائع کردہ اس فہرست کا 2027 ایڈیشن اس اشاعت کا اٹھارہواں سالانہ ایڈیشن ہے، جس میں اس مرتبہ پہلی بار 5 عالمی رہنماؤں کو مشترکہ طور پر سرفہرست رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس تازہ اشاعت میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کی قیادت کو ایک مشترکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے ای سی او سیکرٹری جنرل کی ملاقات

خطے میں علاقائی تعاون، باہمی روابط اور اقتصادی انضمام کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور



اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے سیکرٹری جنرل ای سی او اسد مجید ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ): نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

خیبر پختونخوا میں طبی سہولیات کا فقدان، عملے کی قلت

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں صحت کی سہولیات کی کمی اور طبی عملے کی قلت کی تشویش ناک صورتحال سامنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

گورنر خیبر پختونخوا کو مزید اختیارات دینے کا فیصلہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں امن و امان کی بگڑتی صورت حال کے پیش نظر وفاقی حکومت نے گورنر خیبر پختونخوا کو مزید اختیارات دینے کا فیصلہ کرلیا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے ایمرجنسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

ای سی او اجلاس اقتصادی ترقی و بحالی بارے اچھی خبریں ہیں، عطا اللہ تارڑ



کانفرنس کے ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوگا اور اس کے بعد ڈیکلریشن پر دستخط ہوں گے

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ کی ای سی او وزرائے خارجہ کی پہلے روز ہونے والی عہدیداروں کی کانفرنس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ای سی او کے تمام رکن ممالک کو شرکت کی دعوت دی جاتی ہے ایسا نہیں ہوتا کہ کسی ملک کو دعوت نہ دی جائے، پاکستان کا بین الاقوامی سطح پر روشن چہرہ اجاگر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل ہونے والی کانفرنس ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوگا، تفصیلی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

صوبوں کے معاملے پر بہت جلد سیاسی اتفاق رائے ہوجائے گا، بانی PTI کے لیے بہت مناسب موقع ہے، نئے صوبوں پر بات کرنے کیلئے اسٹیبلشمنٹ نے نہیں کہا

نئے سال میں نیا نظام آسکتا ہے، سیاسی منظر بدل رہا ہے، خواجہ آصف

سیاسی بیانئے بدلتے رہتے ہیں، ملاقاتوں میں مثبت پیشرفت ہورہی ہے، سیاست ممکنات کا نام ہے، آصف زرداری، نواز شریف اور دیگر رہنما اتفاقِ رائے کی کوشش کررہے ہیں

نئے انتظامی یونٹس سے کسی کی سیاست کو خطرہ نہیں، نئے انتظامی یونٹس یا صوبے بننا پاکستان کیلئے خوشگوار چیز ہوگی، وزیر دفاع کی ٹی وی پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ صوبوں کے معاملے پر بہت جلد سیاسی اتفاق رائے ہوجائے گا پروگرام نیا پاکستان میں گفتگو کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

وادی تیراہ میں فائرنگ سے قبائلی رہنما چچازاد بھائی سمیت جاں بحق

خیبر (مانیٹرنگ ڈیسک) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

امریکا میں فلائٹ بحران: وزیر ٹرانسپورٹ سے استعفے کا مطالبہ

نیویارک (صباح نیوز) نیویارک کی گورنر زیمی ہوکول نے امریکا میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

حکومت کو اپوزیشن کی تنقید برداشت کرنی چاہیے، بلاول بھٹو

مولانا فضل الرحمن کے خلاف سیاسی انتقام اور انہیں نشانہ بنائے جانے کی مذمت



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو فون کیا، دونوں کے درمیان ملکی سیاسی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلاول نے جمعیت علمائے اسلام کے خلاف حکومتی اقدامات، ان کے خلاف سیاسی انتقام اور انہیں نشانہ بنائے جانے کی مذمت کی اور کہا کہ حکومت کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

پارلیمنٹ کو نئے صوبے بنانے کا اختیار دیا جائے، محمد علی درانی

چین، انڈونیشیا، بھارت سمیت دنیا کے کئی ممالک میں انتظامی بنیادوں پر چھوٹے صوبے سادہ اکثریت سے بنائے جاسکتے

چار صوبے انگریز کی انتظامی تقسیم تھی، وڈیرے اور جاگیردار آج بھی اپنے مفادات کے لیے اس نظام کا دفاع کررہے ہیں، سینئر سیاستدان

18 سال سے بہاولپور صوبے کی بحالی اور ملک میں چھوٹے صوبوں کے قیام کی جدوجہد آج قومی تحریک بن چکی، تقریب سے خطاب



لاہور (نمائندہ شہر نامہ) سینئر سیاستدان اور سابق وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات محمد علی درانی نے مطالبہ کیا ہے کہ آئینی ترمیم کرکے پارلیمنٹ کو سادہ اکثریت سے نئے صوبے بنانے کا اختیار دیا جائے۔ چین، انڈونیشیا، بھارت سمیت دنیا کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

NCCIA کا غیر قانونی کال سینٹرز کیخلاف کریک ڈاؤن 154 گرفتار

گرفتار ملزمان جنوبی ایشیائی ممالک کے شہریوں کو ٹرانس نیشنل فراڈ کا نشانہ بناتے تھے



اسلام آباد (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) راولپنڈی اور اسلام آباد نے غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف تین روزہ کارروائیوں کے دوران دو غیر قانونی کال سینٹرز بے نقاب کرتے ہوئے مجموعی طور پر 154 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق راولپنڈی میں ایک گھر کے اندر قائم غیر قانونی کال سینٹر پر چھاپہ مار کر 10 خواتین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

صحت کا نظام بہتر بنانے کیلئے نجی شعبے کا کردار ضروری ہے، نگار جوہر

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) مشیر صحت خیبر پختونخوا لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں صحت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم، دسمبر اہم ہے: مصطفیٰ کمال

پاکستان آج ایک انتہائی اہم اور فیصلہ کن تاریخی موڑ پر کھڑا ہے، وفاقی وزیر

کراچی (بیورو رپورٹ) رہنما ایم کیو ایم پاکستان مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کیلئے ریفرنڈم ہوگا۔ کراچی میں ڈسٹرکٹ سینٹرل کے ذمہ داران اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پاکستان میں پٹرولیم سبسڈی سکیم کا دائرہ بہت وسیع، جلد ختم کیا جائے، آئی ایم ایف

پاکستان نے وعدہ کر رکھا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں عالمی منڈی کے نرخوں کے مطابق رکھی جائیں گی

حکومت تیل کی قیمتیں بڑھنے پر عوام کو ریلیف دینا چاہے تو یہ امداد محدود، عارضی ہونی چاہئے، عالمی مالیاتی فنڈ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان پر پٹرولیم مصنوعات پر دی جانے والی سبسڈی ختم کرنے کے لیے زور دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ حکومت مستقبل میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے پر عوام کو ریلیف دینا چاہے تو یہ امداد محدود، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

گرلز ہیلتھ سمٹ: گلگت بلتستان میں نوعمر لڑکیوں کیلئے آگاہی سیشن

مالیات نے عملی سرگرمیوں، گروپ مباحثوں اور تعلیمی مشقوں کے ذریعے بھرپور شرکت کی

اسکردو (نمائندہ شہر نامہ) پاکستان گلگت بلتستان میں نوعمر لڑکیوں کی صحت، فلاح و بہبود اور بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت کے طور پر ادارہ تعلیم و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

نوشکی شہید میجر و حوالدار کی نماز جنازہ، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی شرکت

14 نومبر کو میجر عمر ناصر منہاس اور حوالدار عدنان خان کو شہید کیا گیا تھا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) بلوچستان کے ضلع نوشکی کے قریب 14 نومبر 2026ء کو جام شہادت نوش کرنے والے میجر عمر ناصر منہاس شہید اور حوالدار محمد عدنان خان شہید کی نمازِ جنازہ چکلالہ گیریژن، راولپنڈی میں ادا کردی گئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نمازِ جنازہ میں وزیرِ اعظم شہباز شریف، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)




نوشکی، وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر شہید میجر و حوالدار کی نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد دعا کر رہے ہیں

اگر پنجاب جاگ جائے تو ملک بھر میں انقلاب برپا ہوسکتا ہے، حافظ نعیم

جماعت اسلامی 29 نومبر کو مینار پاکستان پر بڑا پاور شو کرے گی، حکومت جلسہ روکنے کی کوشش نہ کرے

آئینی فریم ورک کے تحت نئے انتظامی یونٹس بنانے کے حق میں ہے، امیر جماعت اسلامی کا اجتماع سے خطاب



لاہور (نمائندہ شہر نامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے واضح کیا ہے کہ جماعت اسلامی نئے انتظامی یونٹس کی مخالف نہیں تاہم یہ اقدامات آئین میں درج طریقہ کار کے مطابق اٹھانے چاہئے۔ منصورہ میں صوبہ پنجاب بھر کے ضلعی اور زونل نظم کے بڑے مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اور یوٹی کے بتدریج خاتمہ کے لیے حکومت کو حتمی مسودہ دے دیا، اب حکمرانوں کی جانب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

شہر اقتدار بے اختیار کیوں؟

پانچ سال سے منتخب بلدیاتی حکومت موجود نہیں

کبھی تین ٹاؤن کارپوریشنز کا منصوبہ، کبھی صوبائی طرز کی اسمبلی کی تجویز

اعلان پر اعلان آخر اسلام آباد کے مستقبل کا فیصلہ کون کریگا؟

سیاسی جماعتوں کی خاموشی حکومت کی عدم دلچسپی عوام مسائل سے دوچار



وفاقی دارالحکومت اسلام آباد پاکستان کا وہ شہر ہے جہاں ملک بھر کی سیاسی قیادت، پارلیمنٹ، وفاقی حکومت، وزارتیں، اہم قومی ادارے اور انتظامی مشینری موجود ہے۔ یہاں ملک کے مستقبل کی پالیسیاں بنتی ہیں، جمہوریت، عوامی حقوق، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور بلدیاتی نظام کی افادیت پر بڑے بڑے خطابات کیے جاتے ہیں، لیکن افسوس کہ اسی شہر کے شہری گزشتہ کئی برسوں سے اپنی منتخب مقامی حکومت کے منتظر ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جس شہر سے پورے ملک کو جمہوریت اور گڈ گورننس کا پیغام دیا جاتا ہے، اس شہر کے اپنے شہریوں کو بلدیاتی نمائندگی کیوں میسر نہیں؟

اسلام آباد اس وقت ایک عجیب انتظامی اور سیاسی تذبذب سے گزر رہا ہے۔ وفاقی حکومت کا اپنا منصوبہ، سیاسی جماعتوں کی اپنی ترجیحات، وزارت داخلہ کی اپنی حکمت عملی، مقامی انتظامیہ کے اپنے انتظامی معاملات اور ایکسین کمیشن کی اپنی آئینی ذمہ داریاں ہیں، لیکن ان تمام اداروں اور فریقین کے درمیان اسلام آباد کے مستقبل کے نظام پر کوئی واضح اور متفقہ تصویر سامنے نہیں آرہی۔ شہری یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آخر وفاقی دارالحکومت کو کس نظام کے تحت چلایا جائے گا؟ موجودہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کا نظام بحال ہوگا، تین ٹاؤن کارپوریشنز قائم ہوں گی یا اسلام آباد کو صوبائی طرز کی اسمبلی اور بااختیار حکومت دی جائے گی؟

یہ محض انتظامی ڈھانچے کی تبدیلی کا معاملہ نہیں بلکہ اسلام آباد کے تقریباً پچیس لاکھ شہریوں کے مستقبل، بنیادی سہولیات، مقامی ترقی اور جمہوری حقوق کا سوال ہے۔

اسلام آباد میں آخری بلدیاتی انتخابات 2015 میں ہوئے تھے۔ منتخب بلدیاتی حکومت کی مدت فروری 2021 میں ختم ہوگئی، لیکن اس کے بعد سے آج تک شہریوں کو کوئی منتخب مقامی حکومت نہیں مل سکی۔ اس دوران کئی مرتبہ حلقہ بندیاں ہوئیں، انتخابی شیڈول جاری ہوئے، پھر واپس لیے گئے اور کبھی قانونی پیچیدگیوں کو جواز بنایا گیا تو کبھی نئے بلدیاتی نظام کی تشکیل کو ضروری قرار دیا گیا۔

یوں محسوس ہوتا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

ایران کا بحرین میں امریکی فوجی تنصیب پر ڈرون حملہ

منامہ (صباح نیوز) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے خلیجی ملک بحرین میں امریکی فوجی اڈے پر ڈرون حملے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی حکام کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کی فضائی فورس نے چھ ڈرونز کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اقتصادی تعاون تنظیم اجلاس میڈیا سہولت مرکز کا افتتاح

اسلام آباد (صباح نیوز) اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) اجلاس کی میڈیا کوریج کے لیے پاک چائنہ فرینڈشپ سینٹر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ملک میں کاروبار کے مواقع موجود ہیں، قیصر احمد شیخ

چنیوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

آئی ایس پی آر کا پولیس کیلئے خصوصی نغمہ جاری

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایس پی آر نے پاکستان پولیس کے لیے خصوصی نغمہ جاری کیا ہے، جس میں شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کیا گیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری کیے گئے خصوصی نغمے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ایران ہاکی ٹیمیں پاکستان بھیجنے کا خواہشمند، ترجمان پی ایچ ایف

دونوں ممالک کی ٹیمیں مشترکہ تربیتی سیشنز اور پریکٹس میچز کھیلیں گی

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ) پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے اسپورٹس ڈپلومیسی کے تحت پاکستان اور اسلامی جمہوریہ ایران کے مابین کھیلوں کے شعبے میں تعاون کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

وزیر اعظم، فیلڈ مارشل کی عالمی سطح پر پذیرائی باعثِ فخر، سید ال خان

غیر معمولی قائدانہ صلاحیتوں، بصیرت اور جرات مندانہ فیصلوں کا عالمی اعتراف ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان ناصر نے وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)



اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کے ہمراہ جوڈیشل افسران کا گروپ فوٹو

دہشت گردی کے خاتمے تک ہمارا عزم غیر متزلزل ہے، وزیر اطلاعات کا بیان

اسلام آباد (نمائندہ شہر نامہ): وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ وطن کے دفاع میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)



چنیوٹ، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ FAST یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

قوم شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، وزیر اطلاعات

میجر عمر ناصر منہاس اور حوالدار محمد عدنان شہید کی نمازِ جنازہ میں شرکت



کوہٹ (نمائندہ شہر نامہ) بلوچستان کے علاقے کوہلو میں دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے میں جامِ شہادت نوش کرنے والے دلیر سپوت حوالدار محمد عدنان خان شہید کو آہوں اور سسکیوں میں مکمل فوجی اعزاز کے ساتھ سپردِ خاک کردیا گیا۔ شہید کی نمازِ جنازہ راولپنڈی کی تحصیل کوہٹہ میں ادا کی گئی، جس میں اعلیٰ عسکری و سیاسی قیادت سمیت ہزاروں افراد

بلوچستان، شہید حوالدار عدنان خان فوجی اعزاز کیساتھ سپردِ خاک

راولپنڈی کی تحصیل کوہٹہ میں نمازِ جنازہ کی ادائیگی کے بعد قریبی قبرستان میں تدفین

لیفٹیننٹ جنرل عامر خان، اسامہ سرور، راجہ صغیر احمد سمیت ہزاروں افراد کی شرکت

روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، پاکستان کردار ادا کرنے کیلئے تیار!

شہر انطالیہ میں اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی کے فریم ورک کنونشن کے تحت کاپ۔31 کے اعلیٰ سطح کے سربراہی اجلاس سے وزیراعظم نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ 2022ء کے تباہ کن سیلاب میں پاکستان کا ایک تہائی حصہ زیرآب آگیا تھا جس سے تین کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے جبکہ ملک کو بھی بھاری معاشی نقصان اُٹھانا پڑا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ماحول دوست اقدامات اور صاف توانائی کے فروغ کے لئے پُرعزم ہے، ملک کے توانائی کے مجموعی ذرائع میں صاف توانائی کا حصہ 55 فیصد ہو چکا ہے جبکہ برقی نقل و حرکت کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے۔ پاکستان نے 2035ء تک کاربن اخراج میں 50 فیصد کمی کا ہدف مقرر کیا ہے۔ صاف توانائی کی طرف منتقلی سے متعلق ایک اور اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں شمسی توانائی کے منصوبوں کے باعث بجلی کے حصول میں نمایاں آسانی اور لاگت میں کمی آئی ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ پاکستان میں فروخت ہونے والی ہر 10 میں سے ایک موٹر سائیکل الیکٹرک ہے جبکہ 2030ء تک نئی گاڑیوں میں الیکٹرک گاڑیوں کا تناسب 30 فیصد تک پہنچانے کا ہدف ہے تاہم مناسب فنانسنگ کی عدم دستیابی اِن اہداف کے حصول میں بڑا چیلنج ہے۔


پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث 30 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان اُٹھانا پڑا ہے۔ شدید گرمی کی لہریں، خشک سالی، گلیشیروں کا تیزی سے پگھلاؤ، بے وقت اور غیر معمولی بارشیں اور اچانک آنے والے سیلاب ہر سال ملکی معیشت، زراعت، انفراسٹرکچر اور انسانی زندگیوں کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ کے مطابق پنجاب کے زیادہ بارش والے علاقوں میں پھلوں کی پیداوار میں 50 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ شدید گرمی کے باعث فصلوں کی پیداوار بھی نمایاں طور پر متاثر ہوئی ہے۔ مویشی پالنے کا شعبہ بھی اِس دباؤ سے محفوظ نہیں، بڑے جانوروں میں دودھ کی پیداوار کم ہو رہی ہے جبکہ چھوٹے مویشیوں میں منہ کھر کی بیماری کے واقعات بڑھ رہے ہیں۔ زرعی پیداوار میں کمی سے دیہی گھرانوں کی آمدن کم ہو رہی ہے جبکہ غذائی عدم تحفظ میں اضافہ ہو رہا ہے جس سے خواتین اور کمزور طبقات متاثر ہو رہے ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ پاکستان عالمی کاربن اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم حصہ ڈالتا ہے لیکن موسمیاتی تبدیلیوں کی بھاری قیمت ادا کر رہا ہے۔ جنوری 2023ء کی جنیوا کانفرنس میں پاکستان کی بحالی اور تعمیرنو کے لئے 57.10 ارب ڈالر کی مالی معاونت کے وعدے کیے گئے تھے تاہم اِس رقم میں گرانٹس کے ساتھ قرضے بھی شامل تھے۔ وزیراعظم نے ترقی پذیر ممالک کو محض مالی وعدوں کے بجائے عملی معاونت فراہم کرنے پر زور دیا خصوصاً ایسی گرانٹس کی فراہمی جو اُن کے قرضوں کا بوجھ مزید نہ بڑھائیں۔

اقوام متحدہ کے متعلقہ اداروں کے مطابق دنیا میں قدرتی آفات کے حقیقی معاشی نقصانات (بالواسطہ نقصانات کو بھی شامل کیا جائے تو) سالانہ قریباً 3.2 کھرب ڈالر تک پہنچ جاتے ہیں جبکہ براہِ راست نقصانات کا روایتی تخمینہ 202 ارب ڈالر سالانہ ہے۔ اِس طرح موسمیاتی شدت سے جڑی آفات عالمی معیشت کے لئے بھی بڑا خطرہ بن چکی ہیں۔ عالمی موسمیاتی ادارے کے مطابق 2024ء پہلے کے مقابلے میں تقریباً 55.1 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ گرم ترین سال ریکارڈ ہوا۔ یہ اضافہ پیرس معاہدے کے طویل مدتی 5.1 ڈگری کے ہدف کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ 2015ء کے پیرس معاہدے میں عالمی درجہ حرارت میں اضافے کو 5.1 ڈگری تک محدود کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا لیکن اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کی 2025ء کی 'ایمیشن گیپ' رپورٹ کے مطابق موجودہ قومی وعدوں پر مکمل عملدرآمد کے باوجود دنیا اِس صدی میں 3.2 سے 5.2 ڈگری اضافے کی طرف بڑھ رہی ہے جبکہ موجودہ پالیسیوں کے تسلسل سے یہ اضافہ تقریباً 8.2 ڈگری تک پہنچ سکتا ہے۔ یہ صورتِ حال طے شدہ اہداف اور عملی اقدامات کے درمیان واضح فرق ظاہر کرتی ہے۔

برازیل میں ہونے والی گزشتہ کاپ۔30 میں عالمی برادری نے 2035ء تک موسمیاتی موافقت کیلئے مالی معاونت تین گنا کرنا تھی، ترقی پذیر ممالک کی مدد اور منصفانہ توانائی منتقلی کے نئے طریقہ کار پر اتفاق بھی کیا گیا تاہم کوئلے، تیل اور گیس کے استعمال کو مرحلہ وار ختم کرنے کیلئے کسی لازمی عالمی روڈ میپ پر اتفاق نہیں ہو سکا تھا۔ ترقی یافتہ ممالک نے 2020ء تک ترقی پذیر ممالک کو سالانہ 100 ارب ڈالر موسمیاتی مالی معاونت فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن یہ ہدف دو سال کی تاخیر سے 2022ء میں پہلی مرتبہ 9.115 ارب ڈالر تک پہنچا۔ بعدازاں کاپ 29 میں 2035ء تک سالانہ 300 ارب ڈالر کی مالی معاونت کا نیا ہدف مقرر کیا گیا جبکہ مجموعی عالمی موسمیاتی مالیات کو اسی مدت تک 3.1 کھرب ڈالر سالانہ تک پہنچانے پر زور دیا گیا تاہم اِن رقوم کا بڑا حصہ قرضوں پر مشتمل ہے جبکہ موسمیاتی آفات سے متاثرہ ترقی پذیر ممالک کو قرضوں کے بجائے گرانٹس کی ضرورت ہے۔ پاکستان کیلئے جنیواء کانفرنس میں کیے گئے 57.10 ارب ڈالر کے وعدوں میں بھی زیادہ تر قرض شامل تھے جو مالی معاونت کے موجودہ نظام کی ایک بڑی خامی ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے درست نشاندہی کی کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے کوئی قوم تنہا نہیں نبٹ سکتی۔ اِس عالمی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے اقوام عالم کو مشترکہ ایجنڈے، عملی اقدامات اور مالی وسائل کے ساتھ متحد ہونا ہوگا۔ ترقی یافتہ ممالک اپنے وعدے پورے کریں، جدید ٹیکنالوجی منتقل کریں اور موسمیاتی موافقت کے لئے گرانٹ پر مبنی فنڈز میں اضافہ کریں تاہم پاکستان کو بھی عالمی امداد اور وعدوں کا منتظر نہیں رہنا چاہیے۔ موجودہ معاشی مشکلات کے باوجود اپنے زورِ بازو پر انحصار کرتے ہوئے دستیاب وسائل کو ترجیحی بنیادوں پر استعمال کرنا ناگزیر ہے۔ پانی کے ذخائر اور ڈیموں کی تعمیر، نہری نظام کی بہتری، سیلابی پانی کی نکاسی، جنگلات میں اضافہ، شمسی اور پن بجلی کا فروغ، موسمیاتی مزاحمت رکھنے والی فصلوں کی کاشت اور قدرتی آفات سے پیشگی خبردار کرنے کے نظام کو مضبوط بنانا قومی ترجیحات ہونی چاہئیں۔ شہروں کی منصوبہ بندی، نکاسیٔ آب اور تعمیراتی ضوابط کو بھی موسمیاتی خطرات کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ محدود مالی وسائل کا بڑا حصہ آفات کے بعد بحالی کے بجائے اُن کی روک تھام اور نقصانات کم کرنے پر خرچ کیا جانا چاہیے

سانپ سیڑھی کا کھیل!



ہماری قومی سیاست شاید ایک بار پھر ایسی ہی انگڑائی لیتی نظر آنے لگی ہے جیسے عموماً لیتی رہی ہے۔ ہمارے ہاں انتخابی عمل مشکوک ہی رہا ہے۔ مشکوک عمل کے نتائج اور اس کے ذریعے قائم ہونے والی حکومتیں عموماً اپنا آئینی دورانیہ پورا نہیں کر پاتیں انہیں اپنی مدت پوری کرنے نہیں دیا جاتا رہا ہے۔ حکومت قائم ہوتے ہی اپنی مدت پوری کرنے کی جدوجہد میں لگ جاتی ہے، مقتدرہ کو حکمرانوں کی جگہ لینے والے خواہش مندوں کی کمی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ بہت سے خواہش مند انہیں حکمران جماعت کی صفوں سے بھی دستیاب ہوجاتے ہیں اقتدار کا ایسا کھیل دہائیوں سے ایسے ہی جاری ہے۔ عمران خان کی حکومت 2022ء میں ایک عدم اعتماد کے ووٹ کے ذریعے ختم ہوئی تو شہبازشریف نے عنانِ اقتدار سنبھالی۔ اسمبلی نے بقیہ مدت پوری کی اور پھر 2024ء میں نئے الیکشن منعقد کئے گئے۔ نتائج میں گڑبڑ کسی نے نہیں مانی۔ ہارنے والوں نے بھی اور جیتنے والوں نے بھی۔ بلاول بھٹو زرداری نے اچھے موڈ میں فارم 47 والے کا ذکر کر کے آئینہ دکھایا تھا یہ الگ بات ہے کہ ایسے ہی الیکشنوں کے نتیجے میں صوبہ سندھ میں پیپلزپارٹی کی حکومت قائم ہوئی۔ پی ٹی آئی نے بھی ان انتخاب کے نتائج کو نہیں مانا حالانکہ انہی انتخابات کے نتیجے میں قائم ہونے والی قومی اسمبلی میں بیٹھتے بھی ہیں اور تنخواہیں بھی لیتے ہیں۔ اس کے باوجود اسے جعلی قرار دیتے ہیں، بہرحال مرکز میں شہبازشریف پیپلزپارٹی کے ساتھ حکمران ہیں۔ مسلم لیگ (ق) بھی شہباز شریف کے ساتھ، مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں شامل ہے۔ ایم کیو ایم بھی شریک سفر ہے پنجاب میں مریم نوازشریف حکمرانی کا حق ادا کرنے میں مصروف ہیں۔ دوست ہوں یا دشمن، حامی ہوں یا مخالف، سب کھلی آنکھ سے یہ سب کچھ دیکھ سکتے ہیں اربوں روپے کے تعمیراتی و ترقیاتی منصوبے یہاں پنجاب میں مکمل کئے جا چکے ہیں اور کچھ پر پراگرس جاری ہے۔ دیگر صوبوں کی حکومتوں کے لئے مریم نواز کا پنجاب، قابل تقلید مثال ہے۔ اس بات کا اقرار دوست و دشمن سب کرتے ہیں۔ نوازشریف کی بیٹی پوری یکسوئی کے ساتھ حقِ حکمرانی ادا کر رہی ہے۔ صوبہ پنجاب تعمیر و ترقی کی منازل طے کرتا چلا جا رہا ہے۔

شہبازشریف کی قیادت میں وفاقی حکومت قومی معاملات کو لے کر آگے بڑھ رہی ہے۔ ایران اور امریکہ و اسرائیل جنگ کے دوران گیس وتیل کی دستیابی کے حوالے سے ہماری حکومت کی کارکردگی مثالی ہے۔ کئی ممالک میں پٹرول کے حصول کے لئے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ طول قطاریں اور بلند قیمت کے ساتھ عوام شدید مشکلات کا شکار نظر آتے ہیں لیکن پاکستان میں ایسا نہیں ہوا۔ اب تو پٹرول کی قیمتیں تسلسل کمی کا رجحان ظاہر کر رہی ہیں اس جنگ نے پاکستان کے عالمی وقار میں اضافہ کیا ہے۔ پاکستان نے جنگ رکوانے کے لئے امریکہ و ایران کے درمیان ثالثی کی ہے۔ اسلام آباد ڈیکلریشن کی صورت میں ایک ایسی دستاویز بھی معرض وجود میں آ گئی ہے جس پر فریقین نے دستخط بھی کر رکھے ہیں۔ یہ پاکستان کا کارنامہ ہے کہ 45 سالوں سے ناراض دو ممالک کو مذاکرات کی میز پر لا بٹھایا انہیں ایک دستاویز پر دستخط کرنے کے لئے آمادہ کیا۔

سب سے اہم بات کہ پاکستان نے بھارت کو جنگ میں شکست فاش دی اس کا عسکری برتری کا جنون خاک میں ملایا۔ یہ موجودہ شہباز شریف حکومت کے دور میں ہی ممکن ہوا ہے کہ عالمی چودھری ڈونلڈ ٹرمپ پاکستان کی اس فتح کا ڈھنڈورچی بنا ہوا ہے وہ ہر فورم پر رافیل کے گرائے جانے کا ذکر کرتا ہے اور جنگ رکوانے کا کریڈٹ بھی لیتا ہے۔ بھارت اس وقت عالمی تنہائی کا شکار ہو چکا ہے اسے کوئی بھی ملک سوائے اسرائیل والے نیتن یاہو کے منہ لگانے کو تیار نظر نہیں آ رہا، ویسے اب نیتن یاہو الیکشن میں شکست کھا چکا ہے۔ پاکستان کا قبال بلند ہے شہبازشریف اور مقتدرہ کے درمیان معاملات بظاہر اچھے بلکہ بہت اچھے چلتے نظر آ رہے ہیں، ایسے میں سسٹم ری سیٹ کرنے کی باتیں، نظام کے ناکام ہونے کی گفتگو اور ن لیگ و پیپلزپارٹی کو چلتا کرنے کی باتیں، سمجھ میں نہیں آتیں۔ ہمارے ہاں 70ء کے بعد ہونے والے ہر انتخاب پر عدم اعتماد کا اظہار کیا جاتا رہا ہے پہلے تو صرف ہارنے والے ایسی ویسی باتیں کرتے تھے اب تو جیتنے والے بھی وہی باتیں کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ حکمران اتحاد کے لوگ نظام کی ناکامی کی باتیں کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ مریم نواز۔ سالک لفظی جنگ کا کیا مطلب ہے پنجاب حکومت کرپشن کی باتیں چہ معنی دارد۔ رشوت اور کرپشن کا زہر نچلے درجے تک چھا چکا ہے۔ یہ مرض پورے پاکستان میں پھیلا ہوا ہے، اس کا کسی پارٹی یا حکومت سے تعلق نہیں ہے۔ حکمرانوں کا کام اس کا تدارک کرنا ہوتا ہے اس کی باتیں کرنا نہیں۔ ہماری مقتدرہ شروع سے ہی اسے سیاسی ہتھیار کے طور پر اپنے مخالفوں کو دھمکانے کے لئے استعمال کرتی رہی ہے۔ 1958ء کے مارشل لاء کے نفاذ کے بعد مخالف سیاستدانوں پر جس طرح کے الزامات عائد کئے گئے آج بھی اسی قسم کے بیانات کے ذریعے ہی مخالفین کو دھمکایا جاتا ہے، پھر تھوڑا ہی عرصہ گزرنے کے بعد رخصت کرنے کی باتیں شروع ہوجاتی ہیں وہی گھسے پٹے الزامات کو آگے بڑھایا جاتا ہے۔ مخالفین کو حکومت پر چھوڑا جاتا ہے نئے پرانے چہروں کو جوڑ کر ایک نیا چہرہ، ایک نئی حکومت، ایک نیا نظام تشکیل دیا جاتا ہے جو تھوڑے ہی عرصے کے بعد اپنی اہمیت کھو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کوئی بھی حکومت اپنا عرصہ اقتدار پورا نہیں کر پاتی۔ نظام کمزور سے کمزور ہوتا چلا جاتا ہے اب جو کچھ ہو رہا ہے معاشی مسائل گھمبیر ہیں۔ سیاسی انتشار ہے، اپنے حال پر کسی کو یقین نہیں ہے مستقبل تاریک نظر آتا ہے لاکھوں نوجوان ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں، قومی معاملات کو چلانے کے لئے درکار کارآمد افراد کی کمی محسوس کی جا رہی ہے۔ ہمارے معاملات کب ٹھیک ہوں گے سانپ سیڑھی کا کھیل کب ختم ہوگا؟

انجام بھی رسوائی، آغاز بھی رسوائی!



شکل وصورت، لباس اور گفتگو کے انداز سے وہ ایک بڑے گھرانے کی خاتون لگتی تھی۔۔ اس کے ساتھ اٹھارہ، بیس سال کی ایک لڑکی بھی ماں بیٹی دونوں نے قیمتی چادریں اوڑھ رکھی تھیں چہروں پر خوف، ندامت اور سراسیمگی صاف ظاہر تھی۔۔۔ وہ اس وقت گوجرانوالہ کی تحصیل نوشہرہ ورکاں کے نجی میٹرنٹی ہوم میں لیڈی ڈاکٹر کے کمرے میں موجود تھے خاتون بھی سینے میں اٹھتے طوفان کو روکنے کی کوشش کرتی تو آنکھوں سے بے اختیار آنسو بہنے لگتے۔ وہ اپنے پلو سے صاف کرتی اور کبھی غصہ سے بیٹی کی طرف دیکھتی جو آٹھ ماہ کی حاملہ تھی۔۔۔ اس نے ایک بار پھر رحم طلب اور امید بھری نگاہوں سے لیڈی ڈاکٹر کی طرف دیکھا۔۔۔ لیڈی ڈاکٹر نے کہا بی بی! Sorry میں یہ نہیں کر سکتی میں تنگ آ گئی ہوں اس قتل عام سے۔۔۔ خاتون نے اپنے دونوں ہاتھ لیڈی ڈاکٹر کے آگے جوڑتے ہوئے کہا اگر اس کے پاپا کو پتہ چل گیا تو وہ اسے قتل کر کے مجھے طلاق دیدے گے۔ خدارا! ڈاکٹر میرا گھر تباہ ہونے سے بچا لو تم میری آخری امید ہو۔ یہ کہتے ہوئے وہ اس کے قدموں میں بیٹھ گئی۔ نوجوان لڑکی۔ کا رنگ بھی پیلا ہونے لگا خاتون نے اس کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا اس کے پاپا ایک ہفتہ تک لندن سے آنے والے ہیں۔ 'اچھا کچھ کرتی ہوں۔۔۔ درمیانی عمر کی لیڈی ڈاکٹر نے خاتون کے کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا۔ ایسے یوں لگا جیسے سینے سے ٹنوں بوجھ ہٹ گیا ہو۔۔۔ او تھینکس اسی اثناء میں۔ گھنٹی کی آواز سن کر نجی میٹرنٹی ہوم میں کام کرنے والی رضیہ الیاس (نام تبدیل کر دیا گیا ہے) نرس کمرے میں داخل ہوئی۔ لیڈی ڈاکٹر نے ایک طرف لے جا کر اسے معاملہ کی نزاکت سے آگاہ کیا تو وہ کہنے لگی' میں نے نوزائیدہ بچوں کو قتل کرنا چھوڑ دیا ہے کسی کے گناہوں کا بوجھ میں کیوں اٹھاؤں؟ یہ کام ان کی ماں کیوں نہیں کرتی۔۔۔ ڈاکٹر صاحبہ آپ نے تو خود ایسے کام نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔۔ اس نے بے بسی سے جواب دیا۔۔ بس میں نے ان سے وعدہ کر لیا ہے۔۔۔ لیڈی ڈاکٹر نے نظریں چراتے ہوئے کہا ان پر ترس آ گیا ہے۔۔ اب آپ تصور کی آنکھ سے دیکھئے ایک بچہ ابھی پیدا ہی ہوا ہے کسی کو اسے نہلانے، اٹھانے یا پیار کرنے کی فکر ہے نہ ضرورت۔۔ جسم پر ابھی الائشیں بھی موجود ہیں، اسے دیکھ کر کسی کو مطلق خوشی نہیں ہوئی کوئی اسے پیار یا نفرت سے اٹھا بھی نہیں رہا۔ فطرت کے مطابق ماں کے سینے میں دوددھ بھی موجزن ہو رہا ہے روتے معصوم کی چیخیں ماں کے دل کو چیر رہی ہیں لیکن وہ گم سم ہے۔۔ ایک خوف، بدنامی اور رسوائی کے ڈر کے باوجود ماں کی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہیں نانی، نرس یا پھر ماں کے انگوٹھے کا ہلکا سا دباؤ۔ دنیا میں آنے والے کی شہہ رگ دبا کر تمام رشتے ناطوں اور زندگی سے محروم کر دیتا ہے۔

لاہور شہر کی ایک بارونق آبادی کے چوک میں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر کئی کتے ایک دوسرے پر غرار ہے تھے۔ کچھ بلیاں بھی یہ تماشا دیکھ رہی ہیں لیکن آگے بڑھنے کی جرأت نہیں کر رہی ہیں صبح سویرے ایک بزرگ مسجد میں فجر پڑھنے کیلئے جاتے جاتے یہ شور شرابہ سن کر رک گئے کتوں کو پتھر روڑے مار مار کر بھگایا ایک اور نمازی بھی ان کے قریب آ کر ٹھہر گیا دونوں نے مل جل کر صورت حال کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا ایک نومولود بچے کی ادھ کھائی نعش بکھری پڑی ہے کسی بد چلن نے اپنا گناہ چھپانے کیلئے معصوم کو کوڑے کرکٹ کے ڈھیر میں پھینک دیا تھا۔ نیم تاریکی میں اس کی حالت دیکھ کر دونوں استغفراللہ پڑھنے لگے انہوں نے آتے جاتے چند لوگوں کو اکٹھا کر کے نومولود بچے کی نعش کی باقیات کو اکٹھا کر کے قریبی قبرستان لے کر چلے گئے ان میں ایک کہنے لگا چند ماہ قبل بھی یہاں سے ایک نوزائیدہ بچی کی ایسی ہی لاش ملی تھی

کراچی کے ایک پوش علاقے میں ایک عورت نے اپنا گناہ چھپانے کیلئے مسجد کے باہر نوزائیدہ بچہ رکھ دیا غالباً اس کا خیال ہوگا کہ کوئی درد دل رکھنے والا اس کو پال لے گا لیکن مولوی صاحب نے اسے گناہ کی پوٹ قرار دے کر اس سے جینے کا حق چھین لیا لہٰذا مولوی موصوف کے حکم پر نوزائیدہ بچے کو پتھر مار مار کر ہلاک کر دیا گیا کسی نے اس معصوم پر ترس تک نہ کھایا۔ گذشتہ سال 1100 سے زائد نوزائیدہ بچوں کو قتل کر دیا گیا یا پھر انہیں کوڑے کرکٹ کے ڈھیر پر پھینک دیا گیا یہ اعداد و شمار پاکستان کے چند اہم شہروں سے جمع کئے گئے ہیں بھارت میں ایسے اعداد و شمار ہوشربا ہیں انڈین ٹی وی اخبارات ایسے واقعات سے بھرے پڑے ہیں سوشل ورکرز اور سماجی تنظیمیں پریشان ہیں کہ ہمارے معاشرے میں یہ کیا ہو رہا ہے ایک محتاط اندازہ یہ ہے کہ شہروں کی نسبتاً دیہی علاقوں میں ایسے واقعات کی بھرمار ہے ایدھی فاؤنڈیشن کراچی کے منیجر انور کاظمی کا کہنا ہے ہمارے چاروں اطراف ایسی المناک کہانیاں بکھری پڑی ہیں وہ کہتے ہیں' میں چند واقعات بھلانا بھی چاہوں تو نہیں بھلا سکتا ایک بچے کی عمر صرف 6 دن تھی کسی سنگدل نے اس کو زندہ جلا کر مار ڈالا۔۔ ہمیں کوڑے کرکٹ کے ڈھیروں سے نوزائیدہ بچوں کی ایسی بھی لاشیں ملی ہیں جن کو پھانسی دی گئی تھی اور معصوم بچوں کی ایسی لاشیں بھی جن کو کتے بلوں نے کھا لیا تھا ان کی باقیات دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔ پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش اور جنوبی ایشیاء کے بیشتر ممالک میں اسقاط حمل قانوناً جرم ہے، ڈاکٹروں کو صرف اس صورت میں اجازت ہے جب ماں کی زندگی کو خطرہ لاحق ہو ان کے قوانین کے مطابق زندہ بچے کے اسقاط حمل یا قتل کی سزا عمر قید ہے لیکن ڈاکٹر یا دائی کی ملی بھگت سے یہ کام دھڑلے سے کیا جا رہا ہے اور کوئی پوچھنے والا نہیں لاہور کے ٹمپل روڈ پر درجنوں کلینک گناہ کے یہی کاروبار کیلئے مشہور ہیں بلکہ شنید ہے ہر ملک کے ہر چھوٹے بڑے شہر میں متعدد نجی میٹرنٹی ہوم اسقاطِ حمل کے لئے مخصوص ہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اس بارے بہتر جانتے ہوں گے۔

سـردار اور سَرِ دار!



انسانوں کے چہروں کے' نقوش' سے زیادہ ان کی خدمات کے' نقش'، انہیں' مقبول' سے 'معقول' بناتے ہیں۔ مالیات کے نمائندہ لوگ موت کے ہاتھوں مرجاتے ہیں لیکن نظریات کا ہر ایک علمبردار تاریخ کے اوراق میں زندہ رہتا ہے، سیاسی نظریات نے محمد علی جناح کو' قائداعظمؒ'، محمد اقبالؒ کو' مصور پاکستان' اور ذوالفقار علی بھٹو کو' قائدعوام' بنا دیا۔ کسی بھی سیاسی شخصیت کو اقتدار نہیں بلکہ اُس کا کردار باوقار اور سرمایہ افتخار بناتا ہے۔ بزدار سمیت آئینی عہدیدار تو کوئی بھی بن سکتا ہے مگر جو انسان صفات کے بل پر اپنی ذات میں ایک عہد بن جائے اسے کوئی فراموش نہیں کر سکتا۔ میں نے اپنے بچپن سے پچپن تک کئی' عہد' اپنی آنکھوں سے' لحد' میں اترتے دیکھے ہیں، لیکن ان کے عہد کا انمٹ نقش آنیوالے ہر عہد میں زندہ وتابندہ رہتا ہے۔ امارت یا عمارت نہیں بلکہ انسان کو اس کی بردباری، رواداری، فداکاری، امانت داری اور سرداری عزت دار بناتی ہے۔ راہ حق پر گامزن ایک سچا' سردار' ہرگز' سَر دار' ہونے سے نہیں ڈرتا۔ جس کیلئے موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا ایک فن ہو اس کیلئے آفرین کہنا بنتا ہے۔ جس نے عوامی محبت کا آب حیات پی لیا ہو وہ موت سے نہیں ڈرتا اور جھومتا جھومتا تختہ دار پر جھولتا ہے۔ جس بھٹو خاندان کے متعدد شہیدوں نے پاکستان کو اپنے خون سے سیراب کیا ہے وہ سیاسی طور پر بانجھ نہیں ہو سکتا۔ دنیا کی کوئی طاقت پاکستان اور بھٹو خاندان کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کر سکتی۔

اب بھی جو لوگ سَردار نظر آتے ہیں
کچھ وہی محرم اسرار نظر آتے ہیں

پنجاب کے پرجوش گورنر سلیم حیدر خان محض نام نہیں بلکہ اپنے کام سے بھی' سردار' ہیں جبکہ ان کے قائد ذوالفقار علی بھٹو نے ضیائی آمریت کے بدترین اور پرآشوب دور میں' سَر دار' بھی سرنڈر نہ کیا اور فرد واحد کے' انتقام' نے' قائدعوام' کو تختہ دار پر لٹکا دیا۔ ایک فاسق اور منافق ڈکٹیٹر نے اپنی منافقانہ عادت اور' عداوت' کی خاطر' عدالت' کا کندھا استعمال کرتے ہوئے ایٹمی پاکستان کے معمار کو سزائے موت سنائی تھی تاہم 4 اپریل 1979ء کو ذوالفقار علی بھٹو کو نہیں بلکہ ایک نام نہاد مردِ حق کو تختہ دار پر جھولنا پڑا، تاریخ اور تقدیر نے قاتل کو گمنام اور بے نام ونشان کر دیا جبکہ قائدعوام ذوالفقار علی بھٹو آج بھی روحانی اور سیاسی طور پر زندہ وتابندہ ہے، آج پانچ دہائیوں بعد بھی پیپلزپارٹی کے نامزد امیدواروں کو اپنے بانی چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو کے نام اور کام کی بنیاد پر ووٹ ملتے ہیں جبکہ ڈکٹیٹر کے دونوں بیٹوں کا ریاست اور سیاست میں کوئی کردار نہیں ہے۔ پاکستان کے طول وعرض میں آج بھی جیالے دیوانہ وار' زندہ ہے بھٹو' کا نعرہ لگاتے ہیں، سو ذوالفقار علی بھٹو کی طرح جو کوئی اپنے ملک وقوم کیلئے مرمٹا ہو قوم اسے زندہ رکھتی ہے۔ سردار سلیم حیدر خان پنجاب بھر میں پیپلزپارٹی کی' آبیاری' اور اپنے خاموش کارکنان کی' بیداری' کیلئے متحرک اور وہ کافی حد تک کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے پیپلزپارٹی کے دیرینہ کارکنان کی گورنر ہاؤس میں رسائی اور پذیرائی سہل بنا دی ہے۔ گورنر پنجاب سے اپنے مختلف امور کیلئے رجوع کر نیوالے بھٹو خاندان کے جانثار جیالے مایوس نہیں ہوتے۔ پچھلے دنوں صدرمملکت آصف علی زرداری کی باوفا، باصفا' ہمشیر' اور' مشیر' بیگم فریال تالپور کی لاہور آمد پنجاب میں پیپلزپارٹی کی سیاست کیلئے تازہ ہوا کا جھونکا ہے، وہ بحیثیت مرکزی صدر پاکستان پیپلزپارٹی وومن ونگ چاروں صوبوں میں خواتین تک اپنی جماعت کا پیغام موثر انداز سے دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ بیگم فریال تالپور کے حالیہ دورہ لاہور سے پیپلزپارٹی کے کارکنان میں ایک نیا جوش وجذبہ بھر گیا ہے، پیپلزپارٹی وومن ونگ پنجاب کی متحرک صوبائی جنرل سیکرٹری اور ممبر پنجاب اسمبلی نرگس فیض ملک اپنی قیادت اور جماعت کے ہراول دستہ میں پیش پیش ہیں، انہوں نے اپنے ہاتھوں میں تھاما ہوا پارٹی پرچم آج تک سرنگوں نہیں ہونے دیا۔ نرگس فیض ملک کو اپنی قیادت کی وکالت اور ان کے ساتھ وفا کرنے کا ہنر خوب آتا ہے۔

سردار سلیم حیدر خان یکم جون 1969ء کے روز ڈسٹرکٹ اٹک کے ایک قصبہ میں پیدا ہوئے۔ وہ مقامی زمیندار سردار جنگ بہادر خان کے فرزند ارجمند ہیں سوانہیں فطرت سے بجھڈ' لگاؤ' اور ان کا عوام کی طرف' جھکاؤ' فطری ہے۔ باب العلم اور اسد اللہ سیّدنا علی المرتضیٰؓ کا ایک خوبصورت قول ہے،' جو زمین پر بیٹھتے ہیں انہیں گرنے کا ڈر نہیں ہوتا'۔ سردار سلیم حیدر خان نے شروع سے اب تک زمین اور سرزمین سے اپنا' ربط' اور' رابطہ' نہیں توڑا، وہ سادگی میں آسودگی تلاش کرتے ہیں۔ انہوں نے اپنے مقامی تعلیمی ادارہ سے جماعت ششم کا امتحان نمایاں پوزیشن کے ساتھ پاس کرنے کے بعد اپنے بڑوں کی مشاورت سے مزید تعلیم کیلئے راولپنڈی کے ایک تعلیمی ادارہ کا انتخاب کیا۔ انہوں نے مذکورہ مادر علمی سے ریاضی اور شماریات میں بی ایس سی کا امتحان پاس کیا۔ دوران تعلیم وہ طلبہ سیاست میں شریک رہے۔ طلبہ برادری کے پرجوش اور پرعزم نوجوان سرخیل سردار سلیم حیدر خان کے نزدیک دوسروں کے حقوق کی بازیابی اور محروم طبقات کی بحالی کیلئے آواز اٹھانا ایک طرح سے ان کا فرض اور ان پر قرض تھا۔ دوران تعلیم وہ طلبہ سیاست کے پلیٹ فارم سے دوبار مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن (ایم ایس ایف) کے جنرل سیکرٹری جبکہ تین مرتبہ صدر منتخب ہوئے۔ سلسلہ تعلیم کی تکمیل کے فوری بعد انہوں نے' قائداعظمؒ' سے' قائدعوام' تک کا سفر طے کرلیا، وہ طلبہ سیاست کے دوران محمد علی جناح اور ذوالفقار علی بھٹو جیسی ممتاز قومی شخصیات اور ان کے طرز سیاست سے بہت متاثر تھے لہٰذا انہوں نے پیپلزپارٹی کے سیاسی نظریات پر اپنے اعتماد کی مہر ثبت کرتے ہوئے اس عوامی جماعت کے ساتھ وابستہ ہونے کا اصولی فیصلہ کیا اور پھر مڑ کے پیچھے نہیں دیکھا۔ سردار سلیم حیدر خان کی پاکستان، بھٹو خاندان، اپنے قائد صدرمملکت آصف علی زرداری، پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور پاکستان پیپلزپارٹی کے ساتھ وابستگی سود و زیاں سے بے نیاز ہے۔ سردار سلیم حیدر خان منتقم مزاج نہیں بلکہ مستقل مزاج اور سادہ مزاج ہیں، انہیں زمین پر اپنے قدم جماتے ہوئے چلنا پسند ہے، وہ بارعب نہیں لیکن پھر بھی درویش ہیں۔ انہیں طمانیت کیلئے روحانیت کی آغوش میں جانا پسند ہے۔ اللہ ربّ العزت کے مقرب اولیاء اور مستند بزرگان دین سے بے پایاں عقیدت اور والہانہ محبت ان کے نزدیک راحت اور طاقت کا ساماں ہے۔

باوفا اور باصفا سردار سلیم حیدر خان صدرمملکت آصف علی زرداری کے انتہائی معتمد جبکہ پاکستان کے منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، کٹھن اور بدترین آمرانہ ادوار میں بھی اپنی قیادت اور جماعت کے ساتھ وفا نبھانا ان کا طرۂ امتیاز ہے۔ ان کا اپنے قائد آصف علی' زرداری' کے ساتھ' رازداری'، وضع داری اور وفاداری کا ایک زمانہ گواہ اور مداح ہے۔ وہ گورنر پنجاب کے آئینی منصب اور اس اہم ترین مسند کیلئے زیرک، مردم شناس اور جوہر شناس، نبض شناس اور یار باش صدرمملکت آصف علی زرداری کا حسن انتخاب ہیں، اپنی ٹیم کیلئے موزوں ترین افراد منتخب کرنے اور انہیں ان کی اہلیت وصلاحیت کی بنیاد پر سیاسی وسرکاری منصب دینے میں آصف علی زرداری کا کوئی ثانی نہیں۔ سردار سلیم حیدر خان پچھلے دوسال سے بحیثیت گورنر پراعتماد، باوقار اور احسن انداز سے اپنا آئینی کردار ادا کر رہے ہیں، انہوں نے شروع سے اب تک اپنی قیادت کی سیاسی ترجیحات، سیاسی مفادات اور عوامی مقدمات کا بھرپور مہارت سے پہرہ دیا ہے۔ انہیں مختلف سیاسی موضوعات اور تنازعات بارے بات کرنا پسند نہیں لیکن جہاں ناگزیر ہو وہاں پنجاب حکومت کی ڈوریاں ضرور کھینچتے ہیں

شہرنامہ SHEHAR NAMA — فن و ثقافت



دنانیر مبین نے ماسکو میں بہترین اداکارہ کا عالمی ایوارڈ اپنے نام کرلیا



ماسکو (پی این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ دنانیر مبین نے بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کر دیا۔ دنانیر مبین کو پاکستانی فلم 'میرا لیاری' میں شاندار اداکاری پر دوسرے بین الاقوامی یوریشین فلم ایوارڈز 'ڈائمنڈ بٹر فلائی' میں بہترین اداکارہ کے اعزاز سے نوازا گیا۔ اداکارہ کی اس کامیابی کو پاکستانی فلم انڈسٹری کے لیے ایک اہم سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ دنانیر مبین کی یہ کامیابی نا صرف ان کی اداکاری کا عالمی اعتراف ہے بلکہ پاکستانی فنکاروں کی بین الاقوامی سطح پر بڑھتی ہوئی پذیرائی کی بھی عکاس ہے۔ ماسکو میں منعقدہ اس تقریب میں مختلف ممالک کی فلموں اور فنکاروں کو ان کی بہترین کارکردگی پر ایوارڈز دیے گئے۔ اس موقع پر پاکستان کی فلم انڈسٹری نے بھی عالمی سطح پر اپنی موجودگی کا احساس دلایا۔ رواں سال اس بین الاقوامی فلمی مقابلے کے لیے پاکستان کی 2 فلمیں 'میرا لیاری' اور 'ویلکم ٹو پنجاب' نامزد ہوئی تھیں۔ فلم 'میرا لیاری' میں لیاری کی ثقافت، کھیلوں کی سرگرمیوں، مقامی روایات اور خواتین کو بااختیار بنانے جیسے موضوعات کو اجاگر کیا گیا ہے۔

وشومی چٹرجی کے شوہر سینئر فلم پروڈیوسر جیانتا مکھرجی چل بسے



ممبئی (پی این پی) ہندی اور بنگالی فلموں کی معروف اداکارہ موشومی چٹرجی کے شوہر سینئر فلم پروڈیوسر جیانتا مکھرجی علالت کے باعث چل بسے، ان کی عمر 70 برس سے زائد تھی۔ فیڈریشن آف ویسٹرن انڈیا سینی ایمپلائز کے صدر بی این تیواڑی نے بھارتی میڈیا کو بتایا کہ وہ گزشتہ شام کھار میں واقع اپنی رہائش گاہ پر بڑھاپے کے طبی مسائل کے باعث چل بسے۔ وہ معروف گلوکار و موسیقار ہیمنت کمار کے بیٹے تھے۔ انہوں نے مذاق (1975)، دو لڑکے دونوں کڑکے (1979) اور بیوی اور مکان جیسی فلمیں پروڈیوس کیں۔ پہلی دو فلموں میں ان کی اہلیہ موشومی چٹرجی نے نمایاں کردار ادا کیے تھے۔ وہ 1992 میں نشر ہونے والے ٹیلی ویژن ڈرامے تلاش سے بھی وابستہ رہے۔ انھوں نے سوگواروں میں اہلیہ موشومی چٹرجی اور بیٹی میگھا مکھرجی چھوڑی ہیں۔ یاد رہے کہ 2019 میں ان کی بڑی بیٹی پائل 45 برس کی عمر میں چل بسی تھیں۔

ڈیوڈ ویلیمز پر کمسن لڑکیوں کی جنسی گرومنگ کا الزام

لندن (پی این پی) برطانیہ کے کامیڈین ڈیوڈ ویلیمز پر کمسن لڑکیوں کی جنسی گرومنگ کا الزام، پولیس نے تحقیقات شروع کر دی۔ اداکار پر الزام ہے کہ اس نے اپنی مقبولیت کو اسکول کی بچیوں کی گرومنگ کیلئے استعمال کیا۔ 55 برس کے اداکار پر پندرہ برس کی ایک لڑکی کو جنسی حملے کا نشانہ بنانے، اولیول کی بچی کو بھی نشانہ بنانے اور کئی دیگر کو ہراساں کرنے کے الزامات کا سامنا ہے۔ بریٹنز گاٹ ٹیلنٹ کے سابق جج نے تمام الزامات کو بے بنیاد قرار دیدیا، کہا کہ وہ جنسی درندہ نہیں۔

کیریئر کے ابتدائی دنوں میں لوگ مجھے مغرور سمجھتے تھے: ایشا دیول




ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ ایشا دیول نے اعتراف کیا ہے کہ فلمی کیریئر کے ابتدائی دنوں میں لوگ مجھے مغرور سمجھتے تھے، تاہم اس تاثر نے کئی مواقع پر میرے لیے فائدہ مند کردار ادا کیا۔ انٹرٹینمنٹ جریدے اسکرین کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے اداکارہ ہیما مالنی اور دھرمیندر کی صاحبزادی ایشا دیول نے فلمی صنعت میں اپنے ابتدائی دنوں کی یادیں تازہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ میری شخصیت کے حوالے سے لوگوں نے مختلف رائے قائم کر رکھی تھی۔ فلم 'کال' کی اداکارہ نے کہا ہے کہ ابتدائی دنوں میں میں نے مختلف رسائل میں اپنے بارے میں پڑھا کہ میں بہت مغرور ہوں، یہ ایک ایسا لفظ تھا جو اکثر پڑھنے کو ملتا تھا۔ ایشا دیول کے مطابق جو لوگ مجھے جانتے تھے، وہ میری اصل شخصیت سے واقف تھے، تاہم اگر لوگ مجھے مغرور سمجھتے تھے تو اس میں بھی ایک فائدہ تھا کیونکہ اس تاثر کے باعث زیادہ لوگ میرے پاس آ کر بات چیت کرنے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔ انٹرویو کے دوران ان کی آنے والی فلم 'پرتاپ' کے ساتھی اداکار بھی موجود تھے، جنہوں نے ایشا کی صاف گوئی اور بے باک طبیعت کو سراہا۔ ساتھی اداکار کا کہنا ہے کہ ایشا کی شخصیت میں ایک منفرد اور دلکش بے باکی ہے


پریتیکا راؤ نے شادی کی تصاویر میں شوہر کی شناخت چھپا دی




ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ امرتا راؤ کی بہن، ماڈل و اداکارہ پریتیکا راؤ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔ 34 سالہ پریتیکا راؤ نے بنگلورو کے آرٹ آف لیونگ آشرم میں شادی کی، اس موقع پر شری روی شنکر بھی موجود تھے، انہوں نے نوبیاہتا جوڑے کو دعاؤں سے نوازا۔ سوشل میڈیا ویب سائٹ پر پریتیکا نے اپنی شادی کی تصاویر شیئر کیں اور مداحوں کو اپنی نئی زندگی کی شروعات کی خوشخبری سنائی۔ اداکارہ نے شادی کے اس لمحے کو مقدس اور انتہائی نجی قرار دیا اور ساتھ ہی تصاویر میں شوہر کا چہرہ دھندلا کر دیا تاکہ ان کی شناخت خفیہ رکھی جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں تصاویر بہت سوچ سمجھ کر اور محدود تعداد میں شیئر کر رہی ہوں، دراصل میں یہ لمحہ پوری دنیا کے سامنے ایک ہی بار میں نہیں لا سکتی۔ پریتیکا راؤ نے رواں برس کو اپنے لیے دہرے سنگ میل کا حامل قرار دیا، اس میں شادی کے ساتھ وزارت ثقافت کے جانب ویدک آسٹرولوجی پوڈکاسٹ ملنے پر والی تعریفی سند شامل ہے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میری شادی ایک روایتی تامل براہمن خاندان میں ہوئی، جن کی ثقافت منگلورین روایات سے بہت ملتی جلتی ہے۔ پریتیکا کو ان کے ڈرامے بے انتہا میں عالیہ کے کردار کے باعث شہرت ملی، وہ اس کے ساتھ کئی کنڑ اور تامل فلموں میں اداکاری کر چکی ہیں، تاحال یوٹیوب پر روحانی پوڈکاسٹ کی میزبانی کر رہی ہیں۔



ٹیکہ لگوانے والے بچوں کی تعداد کے بارے میں غلط معلومات پھیلائی گئی ہیں۔ ان کے مطابق ٹیکہ لگوانے والے بچوں کی تعداد 15 لاکھ ہے، جبکہ اصل تعداد 12 لاکھ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس سے ٹیکہ لگوانے والے بچوں کی تعداد کے بارے میں غلط تاثر پیدا ہوا ہے۔







لاہور، ایک دکان دار معروف شاعر و مصنف عطاالحق قاسمی کو کتاب پیش کر رہا ہے

شہید بینظیر بھٹو کی سیکرٹری سملینہ حسن 20 نومبر کو پاکستان پہنچیں گی

پیپلز پارٹی کی قیادت سے ملاقاتیں اور مختلف شہروں کے دورے متوقع



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی سیکریٹری اور دفتر خارجہ اسلام آباد کی سابق کنسلٹنٹ مس سملینہ حسن 20 نومبر کو لندن سے پاکستان پہنچیں گی۔ اپنے دورے کے دوران وہ اسلام آباد میں قیام کریں گی، جہاں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر اور اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔ وہ مختلف سیاسی، سماجی اور جماعتی سرگرمیوں میں بھی شرکت کریں گی۔ ان کے دورے میں پاکستان کے دیگر شہروں کا سفر بھی شامل ہے، جہاں وہ سیاسی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

مانسہرہ، 5 ماہ کے بچے کی ہلاکت ماں کی آہ و بکا، ویڈیو وائرل

کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال عملے نے بچے کو داخل نہیں کیا، ماں کا الزام

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ میں پانچ ماہ کی بچے کی علاج کیلئے تڑپتے تڑپتے جان نکل گئی، بچے کی ہلاکت پر ماں کی آہ و بکا، روتی بلکتی خاتون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد کے پرفضا مقام دامن کوہ میں لوگوں کی بڑی تعداد خوبصورت نظاروں سے لطف اندوز ہو رہی ہے

غربت کے خاتمے کا سب سے بڑا ہتھیار تعلیم اور محنت ہے، احسن اقبال

حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی مالی معاونت کو بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے استعمال کیا جائے، وفاقی وزیر

تعلیم یافتہ نسل ہی خاندان کو غربت سے نکال کر خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے، دھی رانی پروگرام کی تقریب سے خطاب

ناروال (مانیٹرنگ ڈیسک) احسن اقبال نے کہا ہے کہ غربت کے خاتمے کا سب سے بڑا ہتھیار تعلیم اور محنت ہے۔ اپنے آبائی حلقے ناروال میں پنجاب دھی رانی پروگرام کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ حکومت کی جانب سے فراہم کی جانے والی مالی معاونت کو بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے استعمال کیا جائے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ غربت کے خاتمے کا سب سے بڑا ہتھیار تعلیم اور محنت ہے، والدین اپنی اولاد کی تعلیم کو زندگی کا سب سے بڑا مشن بنائیں، کیونکہ تعلیم یافتہ نسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سابقہ کارکردگی میری پہچان، عوامی خدمت میرا مشن، ساجد عباسی

یونین کونسل پھپھڑیل مری کو ترقی اور خوشحالی کا مثالی مرکز بناؤں گا، لیگی رہنما



راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ کے سینئر نائب صدر اور امیدوار برائے چیئرمین یونین کونسل پھپھڑیل مری کے امیدوار راجہ ساجد محمود عباسی نے کہا ہے کہ ان شاء اللہ آئندہ ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں اپنی سابقہ عوامی و سماجی خدمات اور کارکردگی کی بنیاد پر انتخابی میدان میں اتروں گا۔ میری سیاست کا محور اقتدار نہیں بلکہ عوامی خدمت، علاقے کی تعمیر و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

راجہ فاروق حیدر کی سردار شوکت کی والدہ کے انتقال پر تعزیت

ماں کی جدائی ناقابلِ تلافی نقصان ہے، سابق وزیر اعظم کشمیر کا بیان



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) آزاد جموں و کشمیر کے سابق وزیر اعظم راجہ فاروق حیدر نے راولپنڈی اسلام آباد بیوروز جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین، روزنامہ اسلام آباد ٹوڈے کے چیف ایڈیٹر اور سینئر صحافی سردار شوکت محمود خان سے ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی ہے۔ اس موقع پر راجہ فاروق حیدر نے مرحومہ کی مغفرت، ایصالِ ثواب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی کی عدالت نے منشیات سپلائی کرنے والے ملزم سیف اللہ کو 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی۔ ملزم کو تھانہ بنی پولیس نے دسمبر 2024ء میں ایک کلو 100 گرام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان میں مختلف میڈیکل ٹیسٹوں کی فیس مقرر، شہریوں کے لیے اہم سہولت

گوجر خان (بیورو رپورٹ) ٹی ایچ کیو ہسپتال گوجر خان کی انتظامیہ نے عوام کی آگاہی کے لیے مختلف میڈیکل ٹیسٹوں کی مقررہ فیسوں کی تفصیلات جاری کر دی ہیں۔ جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہیماٹالوجی بی اور سی کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

مانسہرہ، تجاوزات آپریشن کیساتھ گراں فروشی و مصنوعی مہنگائی بھی جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) گورنر راج کا نفاذ، تجاوزات آپریشن جاری، گراں فروشی و مصنوعی مہنگائی بھی جاری، ہزارہ ڈویژن سمیت خیبر پختونخواہ میں آٹے کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ، بیس کلو تھیلے کی قیمت 33 سو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

عالمی یوم ذیابیطس: ٹی ڈی سی میں تقریب، بروقت تشخیص اور معیاری علاج پر زور

تقریب میں طبی ماہرین، سماجی شخصیات اور شعبہ صحت سے وابستہ افراد نے شرکت کی



اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) عالمی یوم ذیابیطس 2026 کے سلسلے میں ٹی ڈی سی انٹرنیشنل ہسپتال میں خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ذیابیطس سے بچاؤ، بروقت تشخیص، باقاعدہ اسکریننگ اور معیاری علاج کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی سابق وائس چانسلر راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی ڈاکٹر محمد عمر تھے، جبکہ وزیر اعظم صحت کارڈ پروگرام کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر محمد ارشد قائم خانی نے بطور مہمانِ اعزاز شرکت کی۔ تقریب کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

مزدور یونین کا مطالبہ منظور، سی ڈی اے ملازمین کی مراعات میں اضافہ

یونین ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی، چوہدری یٰسین

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) سی ڈی اے مزدور یونین کے مطالبے پر سی ڈی اے ملازمین کو ملنے والی مراعات میرج گرانٹ، ڈیتھ گرانٹ، بچوں کے لیے اسکالرشپ سمیت دیگر مراعات میں اضافہ کر دیا گیا۔ اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے کے جنرل سیکرٹری و ممبر سٹاف ویلفیئر کمیٹی چوہدری محمد یٰسین نے سی ڈی اے بورڈ اور سٹاف ویلفیئر کمیٹی کے تمام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



راولپنڈی، تحریک صوبہ پوٹھوہار کے حوالے سے اجلاس کے بعد نصر اللہ جرال، راجہ شوکت، ملک عثمان و دیگر کا گروپ فوٹو

یوم علان آزادی فلسطین، پاکستان کا آزاد خود مختار ریاست کی حمایت کا اعادہ

آزاد، خود مختار، قابلِ عمل اور ملحقہ فلسطینی ریاست کے قیام کی مکمل حمایت کرتے ہیں، صدر مملکت کا محمود عباس کے نام خط

حکومت اور پاکستانی عوام اس اہم موقع پر فلسطینیوں اور ان کی حکومت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے فلسطینی ریاست کی آزادی کے اعلان کی 38 ویں سالگرہ کے موقع پر فلسطین کی حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے آزاد اور خود مختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ سماجی پلیٹ فارم ایکس پر دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق حکومت اور پاکستانی عوام اس اہم موقع پر فلسطینیوں اور ان کی حکومت کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ دفتر خارجہ نے اپنے پیغام میں واضح کیا کہ پاکستان فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت پر ثابت قدم ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

تیز رفتار کار کی مبینہ غفلت اور لاپرواہی نے ایک اور جان لے لی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) تیز رفتار کار کی مبینہ غفلت اور لاپرواہی نے ایک اور جان لے لی، موٹر سائیکل کو ٹکر مارنے سے خاتون جاں بحق جبکہ نوجوان زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس سرکل گوجر خان کے تھانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان میں تھیلیسیمیا کے بچوں کو مفت خون فراہم

گوجر خان (بیورو رپورٹ) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجر خان میں قائم بلڈ بینک کے یرقانی و سرپرست قاضی امتیان کی خصوصی کاوشوں سے تھیلیسیمیا کے دو مزید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر سیدہ زینب حسین کا غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹ کا دورہ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر سیدہ زینب حسین کا غیر فعال واٹر فلٹریشن پلانٹ کا دورہ، بحالی کے اقدامات کا جائزہ لیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق دورے کے دوران معلوم ہوا کہ بجلی کا میٹر جل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

غذائی تحفظ کے استحکام میں ایگری ٹیک کا کردار اہمیت کا حامل، قمر الزمان

جدید زرعی ٹیکنالوجیز کے فروغ اور ان کے عملی استعمال کو تیز کرنا ہوگا، وی سی بارانی یونیورسٹی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) وائس چانسلر پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے کہا ہے کہ پاکستان میں زرعی شعبے کو درپیش نئے چیلنجز سے نمٹنے، غذائی تحفظ کو یقینی بنانے اور پائیدار زرعی ترقی کے فروغ کے لیے جدید ٹیکنالوجی، جدت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)



چیئرمین پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر اقرار وی سی بارانی یونیورسٹی ڈاکٹر قمر الزمان سے شیلڈ وصول کر رہے ہے

گوجر خان کے شرقی علاقوں میں ڈکیتی کی دو پے در پے وارداتیں

تین مسلح افراد نے خاتون سمیت تین شہریوں کو لوٹ لیا، پولیس کی کارکردگی سوالیہ نشان

گوجر خان (بیورو رپورٹ) گوجر خان کے شرقی علاقوں میں ڈکیتی کی دو پے در پے وارداتیں، محض 20 منٹ کے دوران تین مسلح افراد نے خاتون سمیت تین شہریوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)



نوشہرہ سون سکیسر، اٹارنی جنرل آف پاکستان ملک منصور عثمان اعوان اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

نوشہرہ سون، عالمی معیار کے سکل ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ کے قیام کا اعلان

اسلام آباد اور لاہور کے بعد پنجاب کا تیسرا بڑا ہنرمندی کا ادارہ ہوگا، ملک منصور

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) وادی سون اور ضلع خوشاب کے نوجوانوں کے لیے تاریخی میگا پروجیکٹ عالمی معیار کے سکل ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ کے قیام کا اعلان اٹارنی جنرل آف پاکستان ملک منصور عثمان اعوان نے شیخ محمد عدیل انجم کی دعوت تقریب میں کیا ملک منصور عثمان اعوان نے منعقدہ تقریب میں کہا کہ علاقے کے نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

حوثیوں کے سعودیہ پر حملے عالمی اقتصادی استحکام کیلئے خطرہ ہیں، مسعود خان

سعودی عرب اور ترکیہ کیساتھ مکہ اتحاد کے رکن کی حیثیت سے پاکستان پر سعودی عرب کے تحفظ کی اہم ذمہ داریاں ہیں

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

بنی گالہ پولیس کی بڑی کارروائی، موٹر سائیکل چور گروہ کا کارندہ گرفتار

لاکھوں مالیت کے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل، نقدی، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد



اسلام آباد (کرائم رپورٹر): بنی گالہ پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے پانچ مسروقہ موٹر سائیکل نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی خصوصی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم کارندے کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)


گرجا گھروں کی سکیورٹی سخت

سینئر پولیس افسران فیلڈ میں تعینات

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے گرجا گھروں کی سکیورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے ہیں۔ سینئر پولیس افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد پولیس میں بھرتیوں کا دوسرا مرحلہ جاری

سینئر پولیس افسران کی براہ نگرانی میں فزیکل ٹیسٹ، سکیورٹی کے سخت انتظامات



اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس میں ریکروٹمنٹ فیز ٹو کے تحت بھرتی کا عمل جاری ہے جہاں امیدواروں کے فزیکل ٹیسٹ لیے جا رہے ہیں۔ امیدوار پولیس میں شمولیت کے لیے جوش و جذبے کے ساتھ اپنی جسمانی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق فزیکل ٹیسٹ کا عمل سینئر پولیس افسران کی براہ راست نگرانی میں جاری ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

میو اتحاد پنجاب کی کابینہ کی تشکیل کیلئے مشاورت جاری

اتفاقِ رائے اور اجتماعی سوچ کو بنیادی اہمیت دی جا رہی، طاہر میو نمبردار

لاہور (پ ر) پاکستان میو اتحاد پنجاب کی صوبائی کابینہ کی تشکیل کے حوالے سے مشاورتی عمل جاری ہے۔ صوبائی صدر پاکستان میو اتحاد چوہدری محمد طاہر خاں میو نمبردار نے کہا ہے کہ تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط، فعال اور مؤثر بنانے کے لیے باہمی مشاورت، اتفاقِ رائے اور اجتماعی سوچ کو بنیادی اہمیت دی جا رہی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

بنی پولیس، دھوکہ دہی سے لاکھوں ہتھیانے والی دو خواتین گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دھوکہ دہی کے ذریعے خاتون شہری سے 9 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں

پانچ ملزمان گرفتار، منشیات شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کر کے دو کلو 400 گرام چرس، 19 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق واہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا فیصلہ

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے افسران کو ہدایات جاری کر دیں

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیر صدارت صدر اور انڈسٹریل ایریا زونز کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں امن و امان کی صورتحال انسداد جرائم کے اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

مظفر آباد میں برانڈڈ کپڑوں کی دکان کا باقاعدہ افتتاح



مظفر آباد (نامہ نگار) مظفر آباد کے معروف تجارتی مرکز ایم ڈیاے پلازہ بینک روڈ کے مقام پر ٹی ٹی بابا پلازہ میں پاکستان و خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں کے بعد آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں برانڈڈ کپڑوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پاکستان میں بھی 26 نومبر کو انٹرنیشنل اولیو ڈے منایا جائیگا

پاکستان کو رواں سال پہلی بار اولیو انٹرنیشنل کونسل کا ممبر بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی 26 نومبر کو انٹرنیشنل اولیو ڈے منایا جائیگا۔ پاکستان کو رواں سال پہلی بار اولیو انٹرنیشنل کونسل کا ممبر بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا ہے۔ ملک میں زیتون کی کاشت بڑھانے میں جہاں پاکستان اور اٹلی حکومت کی گہری دلچسپی شامل ہے، وہیں پر "اولیو کلپر" کے فروغ کیلئے اٹالین "سیہام باری" ادارہ اور پنجاب حکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کیریئر کالجز، جدید اسلوب تعلیم متعارف کروائیں گے، جاوید

روبوٹکس، کمپیوٹر کوڈنگ، الیکٹرانکس، تھری ڈی پرنٹنگ کی عملی تعلیم دی جائے گی



اسلام آباد (پ ر) اسلام آباد کیریئر کالج ڈگری اور ہنر کا حسین امتزاج بنا رہے ہیں۔ جس میں مرحلہ وار اسٹیم لیب بنا رہے ہیں۔ جس میں روایتی کتابی تعلیم کیساتھ ساتھ عملی سرگرمیوں کے ذریعے سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی کے جدید اسلوب تعلیم متعارف کروائیں گے۔ جس میں روبوٹکس، کمپیوٹر کوڈنگ، الیکٹرانکس، تھری ڈی پرنٹنگ کی عملی تعلیم دی جائے گی۔ تاکہ طلباء (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ڈھوک کھبہ اور امر پورہ کچرا کنڈیوں میں تبدیل

بدترین گندگی، تعفن اور بیماریوں کا خطرہ، یہ قابل قبول نہیں، ظہیر اعوان

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) شہر میں صفائی کا بحران، ڈھوک کھبہ اور امر پورہ کچرا کنڈیوں میں تبدیل، شکایات کے بوجود کوئی شنوائی نہیں احتجاجی مہم کا اعلان یونین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پاک فضائیہ کے 3 حاضر سروس پائلٹس کی خدمات ڈیپوٹیشن پر پنجاب حکومت کے حوالے کر دی گئیں

گلف سپر ٹیم طیارے کا آپریشن کنٹرول پاک فضائیہ کے سپرد کرنیکی منظوری

پنجاب حکومت، پی اے ایف کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے مسودے کی منظوری دی گئی، دستاویزات

لاہور (صباح نیوز) پنجاب کابینہ نے صوبائی حکومت کے طیارے گلف اسٹریم جی 500 کا آپریشنل کنٹرول اور دیکھ بھال کی ذمہ داری پاک فضائیہ کو سونپنے کی منظوری دے دی ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق پنجاب حکومت اور پی اے ایف کے درمیان مفاہمتی یادداشت کے مسودے کی منظوری دی گئی، جس میں جدید جیٹ کی دیکھ بھال، تکنیکی معاملات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں قائم کمیونٹی پارک کا تفصیلی دورہ

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل نے زراعت آفیسر ملک فاروق احمد کے ہمراہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

بنی پولیس کی کارروائیاں

پانچ ملزمان گرفتار، منشیات شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کر کے دو کلو 400 گرام چرس، 19 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق واہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کا فیصلہ

ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے افسران کو ہدایات جاری کر دیں

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی زیر صدارت صدر اور انڈسٹریل ایریا زونز کے افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں امن و امان کی صورتحال انسداد جرائم کے اقدامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

مظفر آباد میں برانڈڈ کپڑوں کی دکان کا باقاعدہ افتتاح

مظفر آباد (نامہ نگار) مظفر آباد کے معروف تجارتی مرکز ایم ڈیاے پلازہ بینک روڈ کے مقام پر ٹی ٹی بابا پلازہ میں پاکستان و خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں کے بعد آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں برانڈڈ کپڑوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

www.navttc.gov.pk www.navttc.gov.pk www.navttc.gov.pk

NAVTTC Headquarters Islamabad

GOVERNMENT OF PAKISTAN

NATIONAL VOCATIONAL AND TECHNICAL TRAINING COMMISSION

NAVTTC HQs, Plot No. 38, Kirthar Road, Sector H-9/4, Islamabad
Phone: 051-9044140, Fax: 051-9206638, http://navttc.gov.pk

SHORT TERM EXPERT VACANCYANNOUNCEMENT

01. National Vocational & Technical Training Commission (NAVTTC), requires the services of individuals as short term experts for 89 days (extendable) subject to satisfactory performance. Applications are invited from suitable candidates for **Test/Interview** under the Program Titled "PMYSDP (2023-28)", as per detail given below:

S No.	Detail of Positions	No of Posts	Qualification / Required Experience / Skills
01	Short Term IT Transformation Advisors /Consultant, ISB-based	02	**Qualification** Master's in computer science or IT and appropriate international certifications required. **Experience** 15+ years in IT, including 5+ years leading IT functions in government or large organisations, and experience integrating public-sector systems. Experience in IT-systems design, IT transformation, organizational change management, IT policy development /implementation, and quality assurance across public and private sector required. Must be hands-on and able to travel frequently. Excellent Urdu and English written/communication skills required.
02	Short Term Monitoring, Evaluation, Research and Learning (MERL) Senior Advisor / Consultant	01	**Qualification** Master's or PhD in Education, Vocational Education/Skilling, Economics, Statistics or relevant social sciences highly preferred. **Experience** Director. Minimum 10 years in MERL, including 5+ years managing MERL teams in government, development or research organisations, or in progressively senior roles in development sector/academia. Demonstrable skills in mixed methods research and software applications; willingness to take a hands-on approach and ability to travel frequently required. Excellent Urdu/English oral/written communication skills required.
03	Short Term Industry Linkages and Employment Placement Advisor (Full-time), ISB-based)	01	**Qualification** Master's in engineering, business, HR or economics required. **Experience** Senior consultant. 12+ years in industry relations, recruitment, and/or private-sector development, including 5+ years working with chambers, employers or placement programmes in Pakistan. Previous experience with vocational training, livelihoods, SME, value-chain growth, and public-private partnerships required. Must have a hands-on approach, willingness to travel frequently and engage with training institutes, trainees, and employers. Must demonstrate a strong network across major industrial and export sectors. Excellent Urdu and English written/communication skills required.
04	Short Term Senior Advisor, Program Development and Partnerships /Consultant, ISB-based	01	**Qualification** Master's or higher in public policy, economics, international development, or a related field required. **Experience** Senior advisor with20+ years in international development, governance or public-sector reform, including 15+ years leading programme portfolios and bilateral/ multilateral donor partnership efforts. Must have worked with federal and provincial governments and be willing to travel frequently. Experience with donor -engagement in thematic areas of governance, policy, research, publications, and management of large, geographically dispersed teams/projects is required

02. Applicants are required to apply directly on website **https://jobs.gov.pk** within 15 days of the advertisement.
03. Complete job descriptions are available against respective vacancies on website **https://jobs.gov.pk.**
03. Incomplete applications and applications with fake / false documents will be rejected at any stage during or after recruitment process.
04. Only eligible/shortlisted candidates will be called for an interview/written test. No TA / DA will be admissible for test / interview.
05. The organization reserves the right to withdraw / cancel or enhance the vacancies at any stage without assigning any reason.
06. **Last date to apply is 30-11-2026.**

PID(I)4501/26

Assistant Director (Admn-II)
Phone-051-9044141

URAAN PAKISTAN

NAVTTC Headquarters Islamabad

www.navttc.gov.pk www.navttc.gov.pk www.navttc.gov.pk